# انقلاب اسلامی کے سرافراز جانبازوں کی استقامت و شجاعت کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے نمائندہ وفود روانہ - 6 /Jul/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے حضرت ابو الفضل العباس ( ع)کی ولادت با سعادت اور یوم جانباز کی مناسبت سے انقلاب اسلامی کے سرافراز جانبازوں کی استقامت و دلیری کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئےاپنے نمائندہ وفود اسپتالوں اور بعض جانبازوں کے گھر بھیج کرانقلاب اسلامی کے دوران جانبازوں کی استقامت اور شجاعت پر انہیں خراج تحسین پیش کیا ہے۔
رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی جانب سےحجج اسلام والمسلمین جناب تقوی،رحیمیان، قمی اور حاج علی اکبری نے جانبازوں کے ساتھ گفتگو کی اور ان کی زندگی کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور دفاع مقدس کے دوران سرافراز جانبازوں کی فداکاری ، شجاعت اور ایثار پر انہیں خراج تحسین پیش کیا